Manchester University
NHS Foundation Trust

این ایچ ایس
مانچسٹر یونی ورسٹی
این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ

سینٹ میریز  ہاسپٹل
گائناکالوجی خدمات

معلومات برائے مریض

# آپ کی کولپو سکوپی کے متعلق

## کولپو سکوپی کیا ہے؟

کولپو سکوپی ایک ایسا تجزیہ ہے جس سے اس کے ماہر کو(ڈاکٹر یا نرس جو کولپو سکوپی تجزیہ کر رہا ہے) آپ کے سروکس (بچہ دانی کا سرا) کی ذیادہ تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک تشخیصی تجزیہ ہے جو کہ سمئیر ٹیسٹ سے ذیادہ درست ہوتا ہے۔یہ ماہرین کو یہ دیکھنے میں بھی مدد دیتا ہے کہ آیا آپ کے سروکس پر کوئی خراب حصہ ہے اور اس خرابی کی درجہ بندی کرنے میں بھی اور اس طرح فیصلہ کرنے میں کہ آیا آپ کو علاج کی ضرورت ہے یا نہیں۔

کالپو سکوپی کےلیے استعمال کیا جانے والا آلہ کولپو سکوپ کہلاتا ہے اور یہ سٹینڈ پر  دوربین کے ساتھ بتی کی طرح کا نظر آتا ہے۔ یہ سرورکس کو بڑا کر کے دکھاتا ہے تا کہ ماہرین اسے مزید تفصیل کے ساتھ دیکھ سکیں۔ یہ آپ کے اندر نہیں جاتا۔ ذیادہ تر خواتین کے لیے یہ ایک بغیر درد کے تجزیہ ہوتا ہے مگر چند ایک کے لیے کچھ بے آرامی ہو سکتی ہے۔ تجزیہ سمئیر ٹیسٹ سے بہت مشابہ ہے لیکن کچھ ذیادہ وقت لیتا ہے۔

اگر ضروری ہو تو، آپ کے پہلے دورے پر ہی خراب حصوں کو نکالنے کے لیے علاج کیا جا سکتا ہے لیکن آپ کے ساتھ ملاقات میں اس پر بات کی جائے گی۔

## مجھے کولپو سکوپی کی کیوں ضرورت ہے؟

ذیادہ ترمعاملات میں، آپ کو مزید تجزیے کے لیے آنے کا کہا گیا ہے کیوں کہ آپ کے سمئیر ٹیسٹ سے معلوم ہوا کہ آپ کو ہیومن پاپیلوما وائرس تھا، جو کہ آپ کے سروکس میں خراب خلیوں کا سبب بن سکتا ہے۔ یہ غیر معمولی نہیں ہے، تقریباً ہر 12 میں سے ایک سمئیر معمول سے ہٹ کر آتا ہے۔یہ خراب خلیے سرطان **نہیں ہیں** لیکن اگر چھوڑ دیے جائیں تو مستقبل میں یہ بن سکتے **ہیں**۔ان تبدیلیوں کو رونما ہونے کے لیے کئی ایک سال لگتے ہیں، اس لیے اگر آپ باقاعدگی سے سمئیر ٹیسٹ کرواتے رہیں تو کوئی بھی خرابی اپنے ابتدائی مراحل میں سامنے آ سکتی ہے اور اس کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ سمئیر ٹیسٹ اور کلوپو سکوپی ان تبدیلیوں کو رونما ہونے سے روکنے کے لیے کیے جاتے ہیں۔ ذیادہ تر خلیے خود ہی اپنی صحیح حالت میں آ جائیں گے لیکن اگر ضرورت ہو تو علاج کیا جا سکتا ہے؛ کلوپو سکوپی تجزیہ اس بات کا فیصلہ کرے گا۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ ان خرابیوں کے لیے یہ **بہت ہی ذیادہ نایاب بات ہے کہ** یہ سرطان ہوں۔ آپ کو سکریننگ پروگرام سے بلا واسطہ اپنے نتائج لینے ہیں۔



INVESTORS IN PEOPLE
disability confident

آپ کو آنے کا بھی کہا جا سکتا ہے کیوں کہ آپ نے اپنے جی پی کو غیر معمولی علامات جیسا کہ جماع کے بعدیا ماہواری کے دوران خون کا بہنا کے متعلق چیک کروایا تھا؛ یا آپ کا جی پی آپ کے سرورکس پر نمو داری کے سبب پریشان ہے۔

## کیا چیز خرابی پیدا کرتی ہے؟

ہیومن پاپیلوما وائرس سے (HPV) سرورکس پر خراب خلیے بننے کا سبب ہوتا ہے۔ HPV کی تقریباً 100 مختلف اقسام ہیں اور تقریباً 30 اقسام دوران جماع اعضائے جنسی کے ذریعے منتقل ہو سکتے ہیں۔

کئی ایک لوگ زندگی میں اس وائرس سے دوچار ہوتے ہیں کیوں کہ یہ بہت ہی عام ہے۔ ذیادہ تو HPVآپ کے بدن کی قوت مدافعت سے ختم ہو جاتے ہیں لیکن کچھ حصے قائم رہتے ہیں اور سروکس پر خراب خلیوں کے بننے کی وجہ بن سکتے ہیں۔

سروکس پر خرابی کے قائم رہنے کا ایک بڑا اور اہم عوامل سگریٹ نوشی ہے۔ سگریٹ نوشی قوت مدافعت کو کم کرتی ہے جس سے ہیومن پاپیلوما وائرس کے بدن سے خون بخود ختم ہو جانے کے امکان کم ہو جاتے ہیں۔

## کس تیاری کی ضرارت ہے؟

کوئی بھی باقاعدہ تیاری کی ضرورت نہیں۔ تا ہم، ہماری تجویز ہے کہ آپ صفائی والا پیڈ اپنے ساتھ رکھیں کیوں کہ آپ کواس عمل کے بعد بہت خون آ سکتا ہے۔آپ کے لیے ایک ہلکی درد کش دوائی بھی لینا فائدہ مند ہو گا (وہی جو کہ آپ ماہواری کے درد کے لیے لیتی ہیں) تجزیے سے ایک گھنٹے پہلے بعد میں ہونے والی کسی بھی درد سے بچنے/کم کرنے کے لیے۔اگر تجزیے کے دن آپ کو ماہواری ہوئی توبراہ کرم دفتر ٹیلی فون کر کے کسی اور دن ملاقات کا انتظام کرنے کا کہیں۔ اگر تجزیے سے متعلق آپ کا کائی سوال ہو توبراہ کرم دفتر رابطہ کریں اور عملے سے ایک نرس آپ کی مدد کرے گی۔

## آپ کی ملاقات

- آپ نے نہیں آنا اگر آپ کو ماہواری آ رہی ہو تو، اس لیے براہ کرم شعبے میں فون کر کے ملاقات کی کسی اور تاریخ کا کہیں۔
- آپ کو اپنے کلوپو سکوپی کرنے والے کو بتانا ہے اگر آپ کو کوئی الرجی ہے یا آپ کوئی دوائی لے رہی ہیں۔
- یہ بھی مدد گار چیز ہو گی کہ اگر آپ صفائی والا تولیہ اپنے ساتھ لے آئیں۔
- یہ بہت اہم ہے کہ اگر آپ نہیں آ سکتیں تو ہمیں مطلع کریں تا کہ یہ ملاقات کسی اور کو فراہم کی جا سکے۔
- اگر آپ کلوپو سکوپی کے متعلق ذیادہ جاننا چاہیں تو ہمیں آپ کو مزید معلومات فراہم کر کے یا صفحات/کتب تجویز کر کے خوشی ہو گی۔
- اگر آپ کا کئی سوال ہو اس معلوماتی صفحے کے آخر پر دیے گیے نمبر پر براہ کرم ہمین ٹیلی فون کریں اور ہمیں آپ کی مدد کر کے خوشی ہو گی۔

## دوران تجزیہ کیا ہوتا ہے؟

تجزیے میں تقریباً 10 سے 15 منٹ  لگتے ہیں، تا ہم مکمل کے لیے ذیادہ وقت ہونا چاہیے۔ آپ کو ڈاکٹر یا کلوپو سکوپی میں ماہر نرس کو دکھایا جائے گا۔ پہلے کلوپو سکوپی کرنے والا آپ سے بات کرے گا اور آپ کی طبی تاریخ کے متعلق آپ سے چند سوالات کرے گا۔ پھر آپ کو ایک اکیلے کمرے میں کمر سے نچلے حصے سے لباس اتارنے کا کہا جائے گا (سکرٹ اتارنے کی ضرورت نہیں)۔ پھر آپ ایک خاص صوفے پر لیٹیں گی جس پر سہارا بنا ہو گا جس پر آپ اپنی ٹانگیں رکھیں گی۔ کلوپو سکوپی کا ماہر آہستگی سے آلے کو آپ کے جنسی عضو میں داخل کرے گا(بالکل سمئیر ٹیسٹ کی طرح ہی)؛ یہ آپ کے جنسی عضو کے اطراف کو کھول کر رکھے گا تا کہ سروکس صحیح طریقے سے دیکھا جا سکے۔

پھر کلوپو سکوپی کا ماہر آپ کے سروکس پر کئی ایک محلول لگائے گا جو کوئی بھی خرابی دیکھنے میں مدد کرے گا۔ اگر کوئی بھی خراب حصہ تشخیص ہوا تو تجربہ گاہ میں مزید جانچ کے لیے بھیجنے کے لیے ریشے کا ایک نمونہ (بائیوپسی) لیا جا سکتا ہے۔ بائیوپسی سوئی کے سرے جتنا ہے۔ یہ تھوڑا بہت بے آرام ہو سکتا ہے لیکن درد نہیں ہو گا۔ اگر آپ چاہیں تو آپ سکرین پر سارا عمل اور اپنا سروکس دیکھ سکیں گی۔
معائنے کے بعد کلوپو سکوپی کے ماہر سے اپنے تجزیے کے متعلق بات کرنے سے پہلے آپ اپنا لباس پہنیں گی اور وہ آپ کے کسی بھی سوال  کا جواب دیں گے۔

## معائنے سے کیا پتا چلے گا؟

کلوپو سکوپی سروکس پر خراب حصوں کا حجم اور مقدار بتاتی ہے۔ خلیوں کی تبدیلی کے لیے تکنیکی اصطلاح جس کی بائیوپسی سے تصدیق ہو جائے گی، انٹرا ایپی تھی لئیل نیو لیپسیا (CIN) ہے۔متاثرہ سروکس پر یہ جلد کی طے پر خراب تبدیلیوں کی گہرائی کے مطابق اس کی 1 سے 3 کے پیمانے پر درجہ بندی کی جاتی ہے۔ CIN 1 اکثر بغیر علاج کے اپنی اصلی حالت میں واپس آ جاتا ہے اس لیے آپ کو علاج سے ذیادہ صرف جانچ کی ضرورت ہے۔ CINایک قبل از سرطان حالت ہے؛ بہت کم بائیوپسی ایسی خلیوں کی تبدیلیاں دکھائے گی جس میں پہلے سے سرطان ہوگا۔ معائنے کے بعد، کلوپو سکوپی کرنے والا ماہر آپ سے اس کے نتائج کے متعلق بات کرے گا۔

## معائنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

کوئی بھی لیا گیا نمونہ تجربہ گاہ بھیج دیا جائے گا۔ عموماً 6 ہفتوں کے اندر نتائج کا خط آپ کو اور آپ کے جی پی کو بھیج دیا جائے گا۔ ملاقات کا مراسلہ بھی ساتھ میں لف ہو گا اگر آپ مزید کوئی ملاقات یا معائنہ چاہیں تو۔ معائنے کے بعد آپ اپنے روز مرہ استعمال کے کام کاج کرنے کےلیے ٹھیک ہوں گی۔ اگر بائیوپسی لی گئی ہے تو آپ کو ایک دن یا دنوں کے لیے پیڈ کا استعمال کرنا ہو گا اور ہماری تجویز ہے کہ آپ جماع سے گریز کریں اور خون کا بہاؤ  رکنے تک ماہواری والے کپ اور باتھ کا استعمال کریں۔ معائنے کے بعد آپ کو پیٹ کا کچھ درد ہو سکتا ہے اور ہلکی درد کش دوائی لینا مددگار ہو سکتا ہے اگر آپ نے پہلے ہی ایسا نہیں کیا ہوا تو۔

## کس قسم کا علاج دستیاب ہے؟

اگر آپ کے لیے بہترین ہو تو آپ کے کلوپو سکوپی کے ماہر سے بات کر کے علاج اسی دن مہیا کیا جا سکتا ہے۔ عموماً اسی دن تب علاج کیا جاتا ہے جب سمئیر ٹیسٹ میں کچھ تبدیلیاں ، ہائی گریڈ تبدیلیاں، سامنے آئیں۔ اس کلینیک میں علاج کے لیے لوپ ڈایا تھرمی، لیزر ٹریٹمنٹ، کولڈ کواگولیشن اور کرائیو کاٹری والے طریقہ کار ہیں۔ ماہر موزوں ترین علاج کی تجویز دے گا (اگر یہ ضروری ہو تو) اور اس کے متعلق آپ سے بات کی جائے گی۔ علاج سے متعلق مزید صفحات دستیاب ہیں۔

## آپ کے احساسات

کئی ایک خواتین کے لیے، خراب سمئیر ٹیسٹ کے بعد ایک رد عمل خوف والا ہوتا ہے اور کئی ایک اس بات پر پریشان ہوتی ہیں کی انہیں سرطان ہے۔ جیسا کہ بتایا گیاہے کہ، ہم میں سے اکثریت جس کے سروکس کے خلیوں میں ابتدائی تبدیلیاں ہوں ان میں سرطان **نہیں ہوتا**ہم عموماً یہ نہیں بتاتے کہ سمئیر ٹیسٹ خراب آیا ہے لیکن اگر آپ گھر والوں یا دوستوں سے بات کریں تو آپ کسی ایسے کو جانیں گے جس کو ہے۔ اگر آپ اپنے سمئیر، کلوپو سکوپی یا کسی پریشانی کے متعلق کلینیک میں کسی سے اپنے احساسات سے متعلق بات کرنا چاہتی ہیں تو براہ کرم فون کریں اور نرسوں کے عملے میں سے کسی سے بات کرنے کا کہیں جو آپ کے سوالات کے جوابات بخوشی دیں گے۔

## حمل کے متعلق کیا؟

کلوپو سکوپی حمل کے دوران محفوظ طریقے سے کی جا سکتی ہے اور یہ مستقبل میں آپ کے حاملہ ہونے کی صلاحیت کو متاثر نہیں کرتی۔ تاہم، عموماً علاج کو بچے کی پیدائش سے بعد تک مؤخر کر دیا جاتا ہے۔

## جماع کے متعلق کیا؟

جماع خرابی کو مزید خراب نہیں کرتا اور آپ کے خراب خلیے آپ کے ساتھی کو منتقل نہیں ہوتے۔

## رابطہ تفصیلات

ملاقات منسوخ/تبدیل کرنے کے لیے

(0161) 276 6365 (صبح 8:30 سے سہ پہر 3:00)

سیکرٹری

(0161) 701 6922/276 6387 (صبح 8:30 سے سہ پہر 5:00)

نرس کلوپو سکوپسٹ

(0161) 276 5485(صبح 8:00 سے سہ پہر 5:00)

ہنگامی گائنا کالوجی یونٹ

(0161) 291 2561

## فائدہ مند ذرائع

http://www.jostrust.org.uk